the women's
the royal women's hospital

# نیونیٹل ہسپتال گھر میں
## خاندانوں کے لیے ضروری معلومات

**ایمرجنسی میں، ایمبولینس کے لیے ٹرپل زیرو (000) پر کال کریں۔**

### نیونیٹل ہسپتال گھر میں (NHITH) نامی پروگرام میں خوش آمدید

نیونیٹل ہسپتال گھر میں (NHITH) پروگرام اہل بچوں کو اپنے والدین یا نگہداشت کرنے والوں کے ساتھ گھر پر ہسپتال کی دیکھ بھال جاری رکھنے کی اجازت دیتا ہے۔ ہماری نیونیٹل نرسیں، آپ اور آپ کے بچے کی مدد کے لیے باقاعدہ وزٹس اور فون کالز کریں گی۔

NHITH نرسیں پیشہ ورانہ طور پر انتہائی ٹریننگ یافتہ ہوتی ہیں، اور بیمار و قبل ازوقت پیدا ہونے والے بچوں کی دیکھ بھال کے لیے وسیع تجربہ رکھتی ہیں۔ گھر پر واپسی اور ضرورت کے مطابق اضافی کیئر (نگہداشت) کے حوالے سے وہ آپ اور آپ کے بچے کے ساتھ بھرپور تعاون کریں گی۔

### اہم یاد دہانیاں

- آپ کی مدد کے لیے ہماری سپورٹ اور معاونت ہمیشہ دستیاب ہے۔ آپ دن یا رات کسی بھی وقت NHITH کو کال کر سکتی ہیں۔
- اگر آپ اپنے بچے کی صحت کے بارے میں فکر مند ہوں تو نیچے دیے گئے فون نمبروں پر رابطہ کریں۔
  - کاروباری اوقات کے دوران، آپ NHITH نرس سے بات کریں گی۔
  - کاروباری اوقات کے بعد آپ انچارج نرس سے بات کریں گی۔
  - اگر ضرورت پیش آئی تو وہ آپ سے ہسپتال میں آنے کو کہیں گی اور ڈاکٹر سے آپ کے بچے کی ملاقات کا انتظام کریں گی۔
- کسی ایمرجنسی میں، ایمبولینس کے لیے **ٹرپل زیرو (000)** پر کال کریں یا براہ راست The Royal Children's Hospital جائیں۔

**NHITH نرس موبائل: 0418 501 253**

- آپ اس نمبر پر کسی بھی دن صبح 8:00 بجے سے شام 4:00 بجے تک کال کرسکتی ہیں۔
- براہ کرم دفتری اوقات کے بعد، انچارج نرس کو کال کریں:
  - ٹیمA : 03 8345 3493
  - ٹیمB : 03 8345 3492

### اگر آپ کا بچہ بیمار ہو

بچے بہت جلد بیمار ہو سکتے ہیں۔

اگر بچہ درج ذیل علامات ظاہر کرے تو فوری طبی امداد حاصل کریں:

- اس کا رنگ پیلا یا نیلا ہو، سست ہو اور جسم گرم ہو۔
- اگر اس کا درجہ حرارت 38 ڈگری سینٹی گریڈ سے زیادہ ہو اور عمر 6 ماہ سے کم ہو۔
- کمزور ہو، صحیح طریقے سے جاگ نہ پائے یا عام محرکات کا جواب نہ دے
- کمزور، تیز یا مسلسل رونا
- سبز رنگ کا قے کرے
- اسے دورے پڑ رہے ہوں
- سانس لینے میں دشواری ہو
- 15سیکنڈ سے زیادہ سانس روک لے
- چڈی کی جگہ (پیٹ اور رانوں کے درمیان جگہ) پر کوئی گانٹھ (لمپ) ہو۔

جب آپ کا بچہ NHITH سروس چھوڑ دے، اگر وہ بیمار ہو جائے تو اپنے مقامی ڈاکٹر (GP) سے رابطہ کریں یا اسے the Royal Children's Hospital یا قریبی ہسپتال کے ایمرجنسی ڈیپارٹمنٹ لے جائیں۔

### اپنے بچے کو گرم رکھنا

ایک بار جب آپ کا بچہ ہسپتال سے نکل جائے، براہ کرم دن میں چند بار اس کا درجہ حرارت چیک کریں۔

ہسپتال میں ماحول کو احتیاط سے کنٹرول کیا جاتا ہے اور یہ مستقل درجہ حرارت پر رہتا ہے۔ تاہم، گھر پر درجہ حرارت مختلف ہو سکتا ہے۔

ایک تھرمامیٹر استعمال کریں جو بغل کے نیچے لگایا جائے، جیسے ہسپتال میں استعمال ہونے والا۔ بچے کے درجہ حرارت کا معمول کا دائرہ 36.5 ڈگری سینٹی گریڈ سے 37.5 ڈگری سینٹی گریڈ تک ہوتا ہے۔ اگر آپ کے بچے کا درجہ حرارت اس حد سے زیادہ یا کم ہو، تو براہ کرم ان کے کپڑوں یا لپیٹوں کو ضرورت کے مطابق ایڈجسٹ کریں۔

## گھر کے دورے

آپ کی NHITH نرس ہر دورے سے پہلے آپ کو کال کرے گی۔ وہ آپ کو کافی پیشگی اطلاع دینے کی کوشش کریں گی، لیکن عین ملاقات کے اوقات کا وعدہ نہیں کر سکتیں۔ دوسرے دوروں اور گھروں کے درمیان سفر غیر متوقع ہو سکتا ہے۔ اس سے ان کے شیڈول پر اثر پڑ سکتا ہے۔

براہ کرم یقینی بنائیں کہ آپ کا فون قریب ہے تاکہ آپ NHITH نرس کے کالز کا جواب دے سکیں۔

براہ کرم نرس کے دورے کے دوران اپنا گھر محفوظ، صاف ستھرا اور دھوئیں سے پاک رکھیں۔

براہ کرم اپنی نرس کے لیے اپنے بچے کا وزن کرنے اور ان کا کام کرنے کے لیے ایک صاف، ہموار سطح رکھیں۔

براہ کرم یقینی بنائیں کہ طے شدہ دن پر متفقہ پتے پر ایک بالغ اور آپ کا بچہ دونوں موجود ہوں۔

## گھر کے لیے کچھ مشورے

قبل از وقت پیدا ہونے والے بچوں کے لیے نیند میں بہت سی آوازیں نکالنا عام ہے۔

ہسپتال میں بہت زیادہ پس منظر کا شور ہوتا ہے اس لیے آپ ان کی آوازیں نہیں سن سکتے۔ گھر پر جہاں سکون ہوتا ہے، خاص طور پر رات کو، آپ کو بہت سی مختلف آوازیں سنائی دیں گی جیسے بُڑبُڑانا، انگڑائی لینا، زور لگانا، ناک سے آواز نکالنا، چھینکنا اور ہچکیاں لگنا۔

یہ معمول کی بات ہے اور اس کا مطلب یہ نہیں کہ آپ کا بچہ بیمار ہے، قبض کا شکار ہے یا پوٹی یا باؤل (آنتوں کی حرکت) کے مسائل سے دوچار ہے۔

## روتے بچوں کو پرسکون کرنے کے آسان مشورے

براہ کرم اپنے بچے کو آرام دینے اور پرسکون کرنے کے لیے ان سادہ تجاویز کو آزمائیں:

- اپنے بچے کو فیڈ لینے کی ترغیب دیں - آپ بریسٹ-فیڈ یا اپنا دودھ پلا سکتی ہیں یا بوتل سے دودھ دے سکتی ہیں
- انہیں چوسنی (نپل) پیش کریں (اگر آپ اسے استعمال کرتی ہوں)
- انہیں بہلائیں یا نرمی سے پکڑ کر اپنی گود میں لیں یا سینے سے لگائیں
- پیار اور نرمی سے ان سے بولیں یا لوری گائیں
- اپنے بچے کو گرم پانی سے نہلائیں
- براہ کرم یقینی بنائیں کہ روشنی بہت تیز نہ ہو
- براہ کرم یقینی بنائیں کہ وہ زیادہ گرم یا ٹھنڈے نہ ہوں
- دیگر والدین سے ان معاملات کے بارے میں بات کریں جو بچہ کے لیے کارگر و مفید ہیں۔

## مزید معلومات، معاونت و سپورٹ کے لیے

**Victorian Maternal and Child Health Line**

یہ سروس آپ کے بچے کی دیکھ بھال کے بارے میں رازدارانہ مشورے فراہم کرتی ہے، پیدائش سے لے کر اسکول کی عمر تک۔
آپ دن یا رات کے کسی بھی وقت کال کر سکتی ہیں
13 22 29

**Neonatal Hospital in the Home**

NHITH نرس موبائل: 0418 501 253

- آپ اس نمبر پر کسی بھی دن صبح 8:00 بجے سے شام 4:00 بجے تک کال کرسکتی ہیں۔
- براہ کرم دفتری اوقات کے بعد، انچارج نرس کو کال کریں:
  - ٹیمA : 03 8345 3493
  - ٹیمB : 03 8345 3492

## The Royal Women's Hospital کے دیگر نمبرز

- نیو-بورن انٹینسیو کیئر ریسپشن (استقبالیہ): 03 8345 3400
- دودھ پلانے کی سروس: 03 8345 2400
- کنزیومر لائیزن (صارفین کا رابطہ آفیسر) 03 8345 2290

## کیا آپ کو ترجمان کی ضرورت ہے؟

اگر آپ کو ضرورت پیش آجائے، تو آپ ایک ترجمان کے لیے پوچھ سکتی ہیں۔

## فیملی وائلنس سپورٹ

**1800 Respect نیشنل ہیلپ لائن**

اگر آپ کو جنسی زیادتی، گھریلو یا فیملی تشدد، اور بدسلوکی یا زیادتی کا سامنا ہوا ہو، تو آپ مدد حاصل کر سکتی ہیں۔
آپ دن یا رات کے کسی بھی وقت کال کر سکتی ہیں۔
1800 737 732
1800respect.org.au

**ڈیس کلیمر**: یہ فیکٹ شیٹ محض عمومی معلومات کی فراہمی کے لیے ہے۔ آپ، یا آپ کے بچے کی صحت کی ضروریات کے حوالے سے مخصوص مشاورت کے لیے، متعلقہ صحت کے پیشہ ور ماہرین سے رجوع کریں۔ The Royal Women's Hospital اپنی صحت کے پیشہ ور ماہرین سے رجوع کرنے کے بجائے، اس فیکٹ شیٹ پر مکمل انحصار کرنے کے باعث، کسی بھی ہونے والے نقصان یا خسارے کی، کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا۔
اگر آپ کو، یا آپ کے بچے کو، فوری میڈیکل یا طبی توجہ درکار ہو، تو اپنے قریب ترین واقع ایمرجنسی ڈیپارٹمنٹ سے رابطہ کریں۔

© The Royal Women's Hospital 2025.